نسلی مساوات کے فروغ کے لئے موجودہ اور منصوبے کے مطابق آئندہ ترتیب دئیے گئے اقدامات

نیوموکونیوسس معاوضہ فنڈ بورڈ

نیوموکونیوسس کے معاوضے کا فنڈ بورڈ [دی بورڈ] ایک قانونی ادارہ ہے جو 1980 میں سابقہ نیومو کونیوسس [معاوضہ] قانون کے تحت قائم ہوا تھا [جسے اب نیوموکونیوسس اورمیسوتھیلیوما [معاوضہ] قانون] [کیپ 360] کہتے ہیں۔ نیومو کونیوسس اورمیسوتھیلیوما [معاوضہ] [قانون] کی دفعہ 26 کی پیروی کرتے ہوئے، بورڈ کے مندرجہ ذیل کام ہوں گے:

1] مالی وسائل کا انتظام و انصرام؛ 2] ٹیکس کی شرح کے متعلق حکومت کو سفارشات پیش کرنا؛ 3] نیوموکونیوسس اورمیسوتھیلیوما کی روک تھام کے لئے تعلیمی، تشہیری، تحقیقی اور دیگر پروگراموں کا انعقاد کرنا اور ان کے لئے رقم مہیا کرنا اور مندرجہ بالا بیماریوں میں مبتلا افراد کی بحالی کے لئے مالی وسائل کا انتظام و انصرام کرنا؛ 4] حکومت سے موصول ہونے والے مالی وسائل کا انتظام کرنا اور حکومت کی طرف سے 1 جنوری 1981 سے پہلے نیوموکونیوسس کے تشخیص شدہ افراد میں امدادی ادائیگی کے طور پر نامزد لوگوں میں تقسیم کرنا؛ اور 5] اس طرح کے دیگر فرائض انجام دینے کے لیے جو اس قانون کے ذریعے اس پر عائد کیے گئے ہیں۔

متعلقہ خدمات	• بورڈ کا مقصد نیوموکونیوسس اور میسوتھیلیوما کے معاوضے ، بحالی اور روک تھام کے لیے پیشہ ورانہ اور شفیق انداز سے مریضوں، صنعتوں میں کام کرنے والی افرادی قوت کے ساتھ ساتھ مجموعی طور پرمعاشرے کے فائدے کے لیے ایک پلیٹ فارم پر کثیر جہتی اور لوگوں پر مبنی خدمات فراہم کرنا ہے۔
موجودہ اقدامات	• بورڈ چینی اورانگریزی زبانوں میں خدمات فراہم کرتا ہے۔ ضرورت پڑنے پر مختلف قومیتوں کے لوگوں کے لیے ترجمانی اور ترجمہ و تشریح کی خدمات کا اہتمام کیا جائے گا۔
	• بورڈ کی ویب سائٹ میں مختلف قومیتوں کے لیے ایک خصوصی صفحہ ہے، جس میں نیوموکونیوسس پرتعلیمی مواد موجود ہے۔ جس میں نیپالی اور اردو زبان میں ایک کتابچہ اورمعلومات کی فراہمی کی فائل بھی شامل ہے۔
مستقبل کے کام کا اندازہ	• بورڈ وقتا فوقتا مختلف قومیتوں کے لوگوں کے لیے ہماری خدمات کا جائزہ لے گا اور جیسا مناسب سمجھے گا بہتر بنائے گا۔

اضافی اقدامات کئے گئے/ کئےجائیں گے-	•	معاوضہ پمفلٹ ، تعلیمی مواد بشمول کتابچہ اورمعلومات کی فراہمی کی فائل کا ویب سائٹ پر مختلف قومیتوں کی زبانوں میں ترجمہ کیا جائے گا۔

نسلی مساوات کے فروغ پر موجودہ اور مستقبل کے لئے ترتیب دئیے گئے اقدامات کے بارے میں پوچھ گچھ کے لیے، براہ کرم درج ذیل طریقوں کے ذریعے مسٹر مینفریڈ کوک (عملیات کے سربراہ) سے رابطہ کریں۔

ٹیلیفون نمبر	:	25410032
فیکس نمبر	:	25410211
ای میل	:	contact@pcfb.org.hk
ڈاک کا پتہ	:	15/F, Nam Wo Hong Building, 148 Wing Lok Street, Sheung Wan, Hong Kong

نیومو کونیوسس معاوضہ فنڈ بورڈ

مئی 2024